باب 7

میرا تعارف

میرا نام .... ہے۔میرے ابو کا نام .... ہے۔میری عمر.......... سال ہے۔میری امی کا نام..........ہے۔میں پہلی جماعت میں پڑھتا ہوں۔میرا ایک چھوٹا بھائی ہے۔ہم صبح سویرے اٹھتے ہیں۔امی ہمیں ناشتہ بنا کر دیتی ہیں۔

میں ہمیشہ سچ بولتا ہوں۔ میں بڑوں کی عزّت کرتا ہوں۔ مجھے فٹ بال کا کھیل پسند ہے۔ میں پھل شوق سے کھاتا ہوں۔

میری اچھی عادات

مل جل کر کھیلنا

مل جل کر پڑھنا

دوسروں کی اچھی عادات



جانوروں سے رحم دلی

قطار بنانا

سرگرمی

اپنے والدین سے پوچھ کر خالی جگہ میں اپنی عمر لکھیں۔

1- میں آج سے .... سال پہلے پیدا ہوا۔

2- میں نے .... سال کی عمر میں چلنا سیکھا۔

3- میں نے .... سال کی عمر میں بولنا شروع کیا۔

4- میں نے .... سال کی عمر میں سکول جانا شروع کیا۔

5- میں .... سال کی عمر میں پہلی جماعت میں آیا۔

ہدایات برائے والدین و اساتذہ

1- بچوں کی رہنمائی کریں کہ وہ کلاس میں باری باری اپنا تعارف کروائیں۔